رسول اللہ ﷺ کے پاس پانی ملا ہوا دودھ لایا گیا آپ ﷺ کی دائیں طرف ایک اعرابی تھا اور بائیں طرف ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے آپ ﷺ نے پی کر اسے اعرابی کو دے دیا اور فرمایا: دائیں طرف والا زیادہ حق دار ہے پھر وہ جو اس کی دائنی طرف ہے

انس ابن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس پانی ملا ہوا دودھ لایا گیا آپ ﷺ کی دائیں طرف ایک اعرابی تھا اور بائیں طرف ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے آپ ﷺ نے پی کر اسے اعرابی کو دے دیا اور فرمایا: "دائیں طرف والا زیادہ حق دار ہے پھر وہ جو اس کی دائنی طرف ہے"
[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ کے پاس پانی ملا ہوا دودھ لایا گیا آپ ﷺ کی دائیں جانب ایک اعرابی آدمی تھا اور بائیں طرف ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے نبی ﷺ نے دودھ خود نوش کرنے کے بعد اعرابی کو دے دیا اس نے برتن اٹھایا اور اسے پی لیا ابو بکر رضی اللہ عنہ اعرابی سے افضل تھے، لیکن نبی ﷺ نے اعرابی کو ترجیح دی کیونکہ وہ آپ ﷺ کی دائیں جانب تھا آپ ﷺ نے فرمایا: "الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ" یعنی دائیں طرف والے کو مقدم رکھو اور اسے دو اور پھر اس کے بعد جو اس کے دائیں جانب ہو، اسے دو

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4221

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY